© rasailojaraid.com

كلمة المدير

# عالم اسلام کے موجودہ حالات.........اور جشن بہاراں لاہور

عصر حاضر میں عالم اسلام جن مشکلات سے دو چار ہوا ہے۔ اور امت مسلمہ جس کرب اور عذاب میں مبتلا ہوئی ہے۔ ایسی حالت شاید اس سے قبل کبھی نہ ہوئی ہوگی۔ مصائب و آلام کا یہ سیلاب رواں اپنے ساتھ سب کچھ بہہ کر لے جا رہا ہے۔ دشمنان اسلام اپنے مکروفریب سے مسلمانوں کا عرصہ حیات تنگ کر رہے ہیں۔ اور مسلمان بے بسی اور بے چارگی کی ایسی تصویر بنے ہوئے ہیں جنہیں دیکھ کر دل کرچی کرچی ہوتا ہے۔ حالات دن بدن گھمبیر ہوتے جا رہے ہیں۔ سلامتی کا کوئی راستہ نظر نہیں آتا۔ تباہی و بربادی کا المناک منظر سامنے نظر آ رہا ہے۔ جس کیلئے یہود ونصاری اور ہندوؤں نے ملکر ایک تکون بنا لی ہے۔ اور سازشوں کا ایک جال ہمارے گرد ڈال دیا ہے۔ اور انتہائی منظّم طریقے سے ہمیں ذبح کیا جا رہا ہے۔ افغانستان ہو یا فلسطین چیچنیا ہو یا بوسنیا۔ عراق ہو یا گجرات غرض کہ ہر جگہ دکھ بھری داستیں ہیں، کٹے اعضا ہیں، خون کی ارزانی ہے عفت وعصمت کی نیلامی ہے تو اس کا شکار صرف اور صرف مسلمان ہیں اس وقت عراق پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں کسی بھی گھڑی طبل جنگ بجنے والا ہے۔ جس میں ایک اندازے کے مطابق پانچ لاکھ شہری جاں بحق اور اس سے زائد گھائل ہونگے۔ اور دس لاکھ اپاہج اور ناکارہ ہو جائیں گے۔ پوری دنیا میں امریکہ اور ان کے حواریوں کے خلاف شدید غم وغصے کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ اور پوری دنیا کے لوگ شدید نفرت کر رہے ہیں اور بالخصوص یورپ میں بڑے بڑے مظاہرے ہو رہے ہیں۔ اور یہ مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ کہ عراق کے خلاف جنگ نہ کی جائے اور مسئلے کا پرامن طریقے سے حل نکالا جائے۔ ایک طرف تو یہ صورتحال ہے۔ کہ ایک عالم پریشان ہے۔

مگر دوسری طرف مسلمانوں کا یہ حال ہے کہ ان پریشان کن حالات میں جبکہ مسلمانوں پر آفت نازل ہو رہی ہے۔ اور عذاب میں مبتلا ہیں تو یہ جشن بہاراں کے نام پر لاہور میں رنگا رنگ پروگرام منعقد کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ حکومت پنجاب اور ان کے بدمست اہلکار بسنت میلہ کو لاہور کی ثقافت اور لوگوں کی تفریحی کا درجہ دیتے ہیں۔ اور اس کی آڑ میں فحاشی عریانی بے حیائی کو فروغ دینے کا پورا پورا اہتمام کر رہے ہیں۔ جس کی تشہیر پورے زوروشور سے جاری ہے۔ شاید یہ لوگ قرآن حکیم کے اس فرمان سے آگاہ نہیں ہیں:

ان الذین یحبون ان تشیع الفحشۃ فی الذین امنوا لھم عذاب الیم فی الدنیا و الاخرۃ و اللہ یعلم و انتم لا تعلمون۔

اہل ایمان میں فواحش کو فروغ دینے والوں کیلئے دنیا میں بھی دردناک عذاب ہے جبکہ آخرت میں تو عذاب برحق ہے۔ اب دنیا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کا یہ عذاب اسی طرح آئے گا کہ ہم خوف اور دہشت میں مبتلا ہونگے اور دشمن ہم پر غلبہ پائے گا اور اذیت سے دوچار کرے گا کیا یہ لوگ اس آیت مبارکہ کے مصداق نہیں ہیں۔ جو بسنت جیسی رسم بد کو ثقافت کا نام دیں اور شیطانی عمل کو تہوار قرار دیں اور اس میں اسراف اور تبذیر کا بھرپور مظاہرہ ہو۔ جو سراسر شیطانی عمل ہے۔ ان المبذرین کانوا اخوان الشیاطین۔

اس پر مستزاد یہ کہ نہایت بیہودہ گانے مرد و زن کا اختلاط اور کھلے عام شراب نوشی اور پوری رات منکرات کے کھلے عام مظاہرے۔ آخر یہ سب کس تہذیب کی نمائندگی ہے۔ اور اس سے مقصد کیا ہے؟ یہ تفریح ہے کہ کم از کم تین دن پورے شہر لاہور ہڑبونگ اور شور و غل ہوگا۔ بیمار اور مریض اور پڑھنے والے بچے بچیاں ایک عذاب میں مبتلا ہونگے۔ بجلی کی بار بار بندش اور دھاتی تاریں استعمال کرنے کی وجہ سے ہر سال واپڈا کا کروڑوں کا نقصان کس کھاتے میں جاتا ہے۔ اس قوم کے دانشور اہل فکر کہاں ہیں۔ الیس فیکم رجل رشید۔ سچی بات یہ ہے کہ جشن بہاراں اور بسنت کے نام پر اس قوم نے عذاب الٰہی کو دعوت دے رکھی ہے۔ اور اس کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے۔

ویسے بھی ایک جاہل انسان اس بات کو سمجھتا ہے کہ اس کے پڑوس میں اگر کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہو جائے تو وہ اپنی تمام تر خوشیاں قربان کر دیتا ہے اور پڑوسیوں کے غم میں شریک ہو جاتا ہے لیکن یہ کیسی سمجھدار قوم ہے کہ پڑوس میں آگ لگی ہے امت مسلمہ کو جان کے لالے پڑے ہیں لیکن یہ جشن کے نام پر بدمستی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ افسوس صد افسوس یہ قوم ہندوانہ رسم و رواج کو اس قدر اہمیت دے گی اس کا تصور بھی تکلیف کا باعث ہے ایک طرف وہ ہندو مسلمانوں سے اس قدر نفرت کرتا ہے کہ ان کے ساتھ کسی کھیل میں شریک ہونا پسند نہیں کرتا۔ اور ہر قسم کا بائیکاٹ کیا ہوا ہے اور طرح طرح کی الزام تراشی کرتا ہے۔ لیکن ہمارے سورما کس قدر بے غیرت اور بے شرم ہیں کہ ان کے گانوں پر اپنی بیٹیوں کو نچواتے ہیں۔ خود رقص کرتے ہیں اور سب سے بڑھ کر ان کی متروک رسوم کو زندہ رکھتے ہیں اور اس کیلئے اپنی عزت مال جان سب کچھ داؤ پر لگا رکھا ہے۔

شرم تم کو مگر نہیں آتی۔

ہماری تمام اہل دانش مفکرین، علماء، وکلاء، اساتذہ اور غیرت مند شہریوں سے درخواست ہے کہ ہوش کے ناخن لیجئے۔ عذاب الٰہی کو دعوت نہ دیجئے اور اس سیلاب کا راستہ روکئے، اور حکمرانوں کی بدمستی کو لگام دیجئے شاید ہماری نجات کا ذریعہ بن جائے۔

## سانحہ چک نمبر 202 بھائی والہ

جماعتی احباب کیلئے یہ خبر نہایت الم کا باعث ہوگی کہ گذشتہ دنوں معمولی رنجش اور مسجد کے تنازعہ پر چک نمبر 202 عدیل ٹاؤن بھائی والہ میں مولانا عبدالرحمٰن خطیب اور ایک نمازی محمد سعید کو نہایت بے دردی کیساتھ شہید کر دیا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مسجد کے خطیب مولانا عبدالرحمٰن جامعہ کے ساتویں کلاس کے طالب علم تھے نہایت مودب اور لائق طلبہ میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ قرآن حکیم کے حافظ اور اچھے خطیب تھے۔ شہادت کی شدید خواہش رکھتے تھے جبکہ دوسرے نوجوان محمد سعید بھی دین اسلام کی بڑی تڑپ رکھتے تھے۔ اور کتاب و سنت کی تبلیغ کیلئے بے چین رہتے تھے۔

دعا ہے کہ اللہ ان دونوں کی شہادت قبول فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ ہم یہاں ذمہ داران سے گزارش کریں گے کہ وہ قاتلین کو فوراً گرفتار کریں اور کیفر کردار تک پہنچائیں۔ اس المناک سانحہ میں دو نوجوان شدید زخمی بھی ہوئے ان کی صحت یابی کی دعا کرتے ہیں۔



© rasailojaraid.com